على الصحيحين

(1)

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

نام کتاب	المستدرک
تصنیف	الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري
مترجم	الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي
پروف ریڈنگ	ملک محمد یونس رضوی
باہتمام	ملک شبیر حسین
کمپوزنگ	ورڈز میکر
سن اشاعت	فروری 2010ء
سرورق	باھو گرافکس
طباعت	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ	روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شرفِ انتساب

میں اپنی اس کاوش کو منسوب کرتا ہوں

والدِ محترم صوفیٔ کامل فنافی الشیخ

قبلہ صوفی محمد رفیق قادری دامت برکاتہم العالیہ

کے نام

جن کے التزامِ کسبِ حلال، آہِ سحر گاہی اور دعائے نیم شب کی بدولت

بندہ حدیث شریف کی خدمت کے قابل ہوا

اللہ تعالیٰ ان کو صحت، تندرستی اور درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نیاز مند

محمد شفیق الرحمٰن

ناظمِ اعلیٰ جامعہ غوثیہ رضویہ ایبک روڈ میاں چنوں

✧✧ ابوخالد کہتے ہیں: ایک مرتبہ ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ خالد بن یزید بن معاویہ کے پاس گئے تو ان سے کہا: مجھے کوئی لطیف بات بتائیے جو آپ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے ہر شخص جنت میں جائے گا سوائے اس شخص کے جو اللہ کی بارگاہ سے ایسے بدک جائے جیسے اونٹ اپنے مالک سے بدکتا ہے۔

185۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، وَخِلَاسٌ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ مِئَةَ رَحْمَةٍ قَسَمَ مِنْهَا رَحْمَةً بَيْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا فَوَسِعَتْهُمْ اِلٰى اٰجَالِهِمْ، وَاَخَّرَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ لِاَوْلِيَائِهِ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَابِضٌ تِلْكَ الرَّحْمَةَ الَّتِيْ قَسَمَهَا بَيْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا اِلٰى تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ فَكَمَّلَهَا مِئَةَ رَحْمَةٍ لِاَوْلِيَائِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا فِيْهِ عَلٰى حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَسُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ مُخْتَصَرًا، ثُمَّ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَكْمَلَ مِنَ الْحَدِيْثَيْنِ وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى نَسَقِ حَدِيْثِ عَوْفٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ۱۰۰ حصے ہیں، ان میں سے صرف ایک حصہ اہل دنیا کے لئے ہے، قیامت تک اسی حصۂ رحمت سے اہل دنیا پر رحم ہوتا رہے گا اور بقیہ ۹۹ حصے اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں کے لئے رکھے ہوئے ہیں۔ پھر یہ ایک حصہ بھی اللہ تعالیٰ ان ننانوے حصوں کے ساتھ ملا کر سو پورے کرلے گا پھر یہ سو حصے قیامت کے دن اپنے دوستوں کو عطا کرے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان الفاظ کے ہمراہ اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زہری کی وہ حدیث روایت کی ہے جس کی سند حمید بن عبدالرحمٰن کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور سلیمان التیمی کی وہ حدیث بھی روایت کی ہے جس کی سند ابوعثمان سے ہوتی ہوئی سلمان تک پہنچتی ہے پھر اس کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالملک بن سلیمان کے حوالے سے بھی نقل کیا ہے، جس کی سند عطاء بن ابی اباح کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یہ حدیث گزشتہ دونوں حدیثوں سے زیادہ جامع ہے۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث عوف کی طرز پر بھی موجود ہے۔

(جو کہ درج ذیل ہے)

186۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِيْ زَيْنَبَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ مِئَةَ رَحْمَةٍ كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقُهَا